سوال

کیا بیوی بغیر محرم سفر کر سکتی ہے، اور خاوند کی اجازت کے بغیر جا سکتی ہے، یہ علم میں رہے کہ خاوند مریض ہے اور علاج کے لیے گیا ہوا ہے، اور مرض کی بنا پر نیند میں ہے اور جواب نہیں دے سکتا، اور یہ بھی کہ کیا بیوی کسی بھی جگہ جا سکتی ہے یا نہیں ؟ اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور اسے آپ کی میزان حسنات میں شامل کرے

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

اول :

عورت کے لیے بغیر محرم سفر کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"کوئی بھی عورت محرم کے بغیر سفر مت کرے، اور کوئی بھی شخص اس کے پاس مت آئے الا یہ کہ عورت کے ساتھ اس کا محرم ہو

ایک شخص نے عرض کیا : اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں تو فلان فلان لشکر میں جانا چاہتا ہوں اور میری بیوی حج کرنا چاہتی ہے ؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"تم اس کے ساتھ جاؤ"

صحیح بخاری حدیث نمبر (1862).

اور امام مسلم رحمہ اللہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جو عورت بھی اللہ تعالی اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہے اس کے لیے ایک دن کی مسافت کا سفر بغیر محرم کرنا حلال نہیں "

صحیح مسلم حدیث نمبر (1339).

کئی علماء کرام نے بیان کیا ہے کہ فقہاء کرام بغیر محرم عورت کے سفر کرنے کی ممانعت پر متفق ہیں، لیکن کچھ ایسے مسائل ہیں جن میں یہ مستثنی ہوگا :

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں :

"بغوی رحمہ اللہ کا قول ہے : اس میں اختلاف نہیں کہ غیر فرضی (فرضی حج کے علاوہ) کام میں عورت کے لیے بغیر محرم سفر کرنا جائز نہیں، یعنی اس کے ساتھ اس کا خاوند ہو یا پھر محرم

مگر وہ کافرہ عورت جو دار الحرب میں مسلمان ہوگئی یا پھر قیدی تھی کہ قید سے چھوٹ گئی ان کے علاوہ دوسروں نے یہ بھی زائد کیا ہے کہ : یا وہ عورت جو اپنے رفقاء سے بچھڑ گئی اور

اس نے کسی مامون شخص کو پایا تو اس کے لیے اس کے ساتھ اپنے رفقاء تک جانا جائز ہوگا" انتہی

دیکھیں: فتح الباری (76/4).

دوم:

اصلا تو عورت خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہیں نکل سکتی، اور اگر خاوند سے اجازت لینی مشکل ہو جائے تو پھر عورت اپنی ضروریات وغیرہ کے لیے بغیر کسی سفر کے گھر سے باہر جا سکتی ہے

لیکن اس میں بھی اسے ایسی جگہ نہیں جانا چاہیے جہاں اس کا خاوند اس کے جانے کو ناپسند کرتا ہو

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر (83360) کے جواب کا مطالعہ کریں

واللہ اعلم.

الاسلام سوال وجواب

149192